

# EFU SUNEHRA KHUWAB PLAN

INVEST TODAY TO SECURE YOUR CHILD'S FUTURE

# EFU Sunehra Khuwab Plan:

Being a parent, you play an important role in your child's life and want to give the best on the road to a successful future. For this purpose, you plan to design a complete financial package for your child's education and marriage in an organized and disciplined manner to make sure your child gets the best of everything.

EFU Sunhera Khuwab Plan is an investment-linked insurance product that meets your child's education and marriage expenses along with the added advantage of life insurance cover and flexible options to customize the benefits according to your needs.



## Disclosure of Product

**This is a life insurance product which has two distinct elements i.e., Insurance Protection and Investment. The Investment Component is linked to the performance of underlying assets under unit linked fund(s).**

## Free Look Period:

**If you cancel your policy within free look period of 14 days from the date of the documents receipt, you are entitled for a full refund of premium less any expenses incurred by EFU Life in connection with our medical or clinical examinations.**

## Important Details:

| | |
|---|---|
| Eligible age | 18-60 years |
| Minimum Plan Term | 10 years |
| Maximum Plan Term | 25 years |
| Maximum Age at Maturity | 70 years |
| Minimum Premium | Rs. 24,000 per annum |
| Fund Acceleration Premium | Minimum: Rs. 24,000 |

## Opportunities for Growth

Every premium paid towards the plan will be invested in one of the internal investment funds of EFU Life. It is completely your decision to choose the internal fund based on your investment objectives.

You can select from the following unit linked funds mentioned below:

All available funds are categorized with their risk profiling as per the investment criteria.

| Funds | |
|---|---|
| **EFU Managed Growth Fund** | **EFU Guaranteed Growth Fund*** |
| **Fund Categorization: Balanced** | **Fund Categorization: Money Market Fund** |
| **Risk Profile: Medium** | **Risk Profile: Low** |
| An investment fund with a balanced investment strategy. It aims to achieve reasonable capital growth and steady returns with investment in government securities, carefully selected blue chip equities, and other fixed income securities and cash | An investment fund providing steady returns with a guarantee that the bid price of the fund will never fall. It aims to achieve stable growth through investment in short term debt securities. |
| **EFU Income Growth Fund** | **EFU Aggressive Fund** |
| **Fund Categorization: Income Fund** | **Fund Categorization: Aggressive** |
| **Risk Profile: Low** | **Risk Profile: High** |
| Investment fund providing steady returns. It aims to achieve consistent capital growth with investment in government securities and high-quality corporate debt. | An investment fund with the aim of investing in equities providing a higher rate of return. It aims to maximize capital growth by using investments with an aggressive market outlook. |

### Multiple Fund Option

Under this option you have a facility to select a mix of two unit linked funds of the plan. Total premium under your policy will be allowed to be distributed in funds in multiples of 10%. It means that the funds split can be of 90/10, 80/20, 70/30, 60/40 or 50/50.

***EFU Guaranteed Growth Fund to be selected by default.**

## Benefits:

### Continuation Benefit:

In the unfortunate event of death of the assured parent during the savings term, a built-in Continuation Benefit ensures that the targeted fund is achieved at maturity of the plan. EFU Life will continue to make the remaining unpaid basic premium towards the plan so that the investment is not discontinued. This ensures that the required funds are available for the child's marriage even in the parent's absence.

### Enhancement Bonus:

In the 16 years, EFU Life will add an Enhancement Bonus to the plan equal to 15% of the average basic plan premium paid.

### Child Support Bonus:

The plan provides valuable Child Support bonuses during the plan's term to boost the fund accumulation. The bonus is allocated, as a percentage of the average Basic Plan contribution paid, in the 11th, 16th and 21st year of the policy, provided the plan is continued without any breaks. The extra unit allocation is as follows:

| Policy Year | Extra Unit Allocation (%) |
|---|---|
| 11 | 20 |
| 16 | 30 |
| 21 | 40 |

## Maturity Benefit:

At maturity, the plan provides the accumulated fund value which can be taken in lump sum or if funds are not required immediately for marriage, the amount can be left to accumulate with EFU Life for a maximum period of one year.

At the end of the one year period, EFU Life will pay the accumulated value and a "Maturity Investment Bonus" of 20% of the annual average premium.

## Optional Benefits:

To customize the plan according to the needs of individual customers, several additional benefit riders are available which can be attached to the plan.

- **Accidental Death Benefit*:** In case of accidental death of the life assured, this rider provides an additional lump sum benefit.
- **Accidental Death and Disability Plus Benefit*:** This rider provides an additional lump sum benefit in case of an accidental death or disability (permanent & total) that makes you permanently disabled.
- **Additional Term Assurance:** This rider increases the level of life cover by providing an additional amount in the range of 50% to 200% of the Main Plan Sum Assured, in case of death of the Life Assured.
- **Income Benefit:** In the unfortunate event of death of the policy holder/life assured, this additional benefit will provide a quarterly income to your dependents to maintain a decent lifestyle.
- **Waiver of Premium:** Incase the life assured is unable to follow any occupation due to the sickness or accident, the premium would be paid by EFU Life.

***Any one accidental rider can be selected**

## Unit Allocation:

The proportion of premium for investment in units varies by policy year and is as follows.

| Policy Years | Unit Allocation % | Allocation Charges* |
|---|---|---|
| Year 1 | 57.5% | 42.5% |
| Year 2 | 80% | 20% |
| Year 3 | 90% | 10% |
| Year 4 & onwards | 100% + Applicable Bonus | 0% |

***An allocation charges will be deducted from the Paid Premium every year as per the above table and the remainder will be allocated to the account value.**

## Fund Acceleration Premium (FAP)

The plan gives the flexibility to top-up the savings by depositing surplus funds as lump sum premium called "Fund Acceleration Premium" (FAP). Payments can be made at any time during the policy term to increase the cash value of the plan. Individuals can park their excess cash into the plan through FAP and enjoy the investment returns from the selected fund. The combination of regular savings and occasional lump sum premium provides the much needed financial freedom to save according to one's convenience. The minimum payment of FAP is Rs. 24,000.

100% of FAP payments are allocated to purchase units in the selected fund.

## Access to Savings at All Times

The plan provides complete access to the accumulated fund value at all times. After the premium have been paid for two full years, the fund can be withdrawn for its full or partial value.

## Complete Surrender

The customer has the right to encash all the units in his fund. In such an event the units will be encashed at the current bid price and the plan will be cancelled.

## Partial Surrender

The fund value can also be surrendered partially by encashing a limited number of units in the fund. Partial surrender is allowed so long as an amount of Rs. 20,000 remains in the fund. A partial surrender will have an impact on the sum assured.

## Indexation:

Under this option, the regular premium will increase every year by 5% of the prior years' premium till the age of 55 years, without any medical evidence.

## Claim

In case of an unfortunate event, you may file your claim intimation through any JS Bank Branch walk in, visiting the EFU Head Office or by visiting any of the EFU branch in the country. For a swift speedy process you may also call us at our call center (021- 111-338-111) or simply visit our website, fill in the intimation form and email it to us at cod@efulife.com or you can also contact JS Bank call center (021 111 654 321) or CCU.Helpdesk@jsbl.com. Thereafter, you will be contacted for next steps.

**What are the charges?**

| Charges | Rate / PKR |
|---|---|
| Administration Charge | PKR 90 per month |
| Bid/Offer Spread | 5% of the net regular premium |
| Investment Management Charge | 0.125% of the fund value per month |
| Mortality Charge (Cost of Insurance) | An age-based mortality charge applies for the life insurance risk each year and is dependent on the sum at risk. No mortality charges applies in years where the cash value exceeds sum assured. |
| Fund Switching Fee | PKR 500 |
| Surrender Processing Fee | PKR 500 |
| Surrender Charge | 100% for the first year |
| Allocation charges | As per the above Unit Allocation table |

## Disclaimer:

• This product is underwritten by EFU Life Assurance Ltd. It is not guaranteed or insured by JS Bank Limited or its affiliates and is not a JS Bank Limited product.

• JS Bank is just a promoter/distributor and corporate insurance agent of it's valued customers.

• Growth in the value of your premium depends on the performance of the Fund.

• All investments made in the selected Fund are subject to market risks. The past performance of the fund is not necessarily a guide to future performance. Any forecast made is not necessarily indicative of future or likely performance of the Fund and neither EFU Life Assurance Ltd. nor JS Bank Limited will incur any liability for the same. The investment risk of the selected Fund shall be borne by the policyholder.

• A personalized illustration of benefits will be provided to you by our sales representative. Please refer to the notes in the illustration for detailed understanding of the various Terms and Conditions.


• Taxes will be applicable as per the taxation laws as stipulated by the relevant authorities.

• A description of how the contract works is given in the policy provisions and conditions. This product brochure only gives a general outline of the product features and benefits.

## EFU LIFE ASSURANCE LTD.

EFU Life House, Plot No. 112, 8th East Street, Phase I, DHA, Karachi, Pakistan
Fax: (021) 3453-7519 Email: csd@efulife.com

efu LIFE | JS BANK



# ای ایف یو
# سنہرا خواب پلان

آج کی سرمایہ کاری سے بچوں کے کل کو محفوظ بنائیں

# ای ایف یو سنہرا خواب پلان



والدین اپنے بچوں کی زندگی میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں اور اپنے بچوں کو ایک کامیاب مستقبل دینا چاہتے ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لئے والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچے کی تعلیم اور شادی کے لئے ایک مکمل مالیاتی پیکیج بنانے کی منصوبہ بندی منظّم انداز میں کریں تا کہ ان کے بچے کو یقینی طور پر سب کچھ بہترین میسّر ہو سکے۔ ای ایف یو لائف اب آپ کے لئے پیش کرتا ہے سنہرا خواب، جو بیمہ انویسٹمنٹ لنکیڈ ہے اور زندگی کے اضافی فوائد کے ساتھ آپ کے بچوں کی تعلیم اور شادی کی مالی ضروریات کو تحفظ فراہم کرتا ہے اور آپ کو اپنی ضروریات کے مطابق فوائد منتخب کرنے کا اختیار بھی دیتا ہے۔

## پروڈکٹ کا اظہار

**اس زندگی کے بیمہ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: انشورنس کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) میں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے**

## غور و فکر کا دورانیہ (فری لک پیریڈ)

**اگر آپ لکھی ہوئی پالیسی دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ ای ایف یو لائف کے طبی/کلینیکل معائنہ جات کے سلسلے میں اٹھنے والے اخراجات منہاء کر کے، پریمیم کی مکمل ادائیگی کی واپسی کے اہل ہونگے۔**

## اہم تفصیلات

| | |
|---|---|
| عمر کی اہلیت | 18 سے 60 سال |
| کم از کم پلان کی مدت | 10 سال |
| زیادہ سے زیادہ پلان کی مدت | 25 سال |
| میچیورٹی پر عمر کی حد | 70 سال |
| کم از کم پریمیم | 24,000 روپے سالانہ |
| اضافی اختیاری پریمیم | کم از کم 24,000 روپے |

## نشوونما کے لئے مواقع:

اس پلان میں ادا کیا جانے والا ہر پریمیئم ای ایف یو لائف کے منتخب کردہ کسی ایک یا دو سرمایہ کاری فنڈز میں لگایا جائے گا۔ یہ مکمل طور پر آپ کا فیصلہ ہوگا کہ اپنے سرمایہ کاری کے مقاصد کی بنیاد پر فنڈ کا انتخاب کریں۔

آپ درج ذیل یونٹ فنڈز میں سے انتخاب کر سکتے ہیں:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے

| فنڈز | |
|---|---|
| **ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ** | **ای ایف یو مینجڈ گروتھ فنڈ** * |
| فنڈ کی قسم: منی مارکٹ فنڈ | فنڈ کی قسم: بیلنسڈ |
| رسک پروفائل: کم | رسک پروفائل: درمیانی |
| مستحکم آمدنی فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ جس میں یہ ضمانت دی جاتی ہے کہ فنڈ کی بولی قیمت (بِڈ پرائس) کبھی نیچے نہیں آئے گی۔ اسکا مقصد قلیل المیعاد قرضہ لینے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشوونما ہے۔ | متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی کے ساتھ سرمایہ کاری فنڈ ہے۔ اسکا ہدف حکومتی مالیاتی اداروں میں محتاط طریقے سے منتخب کردہ بلوچپ ایکویٹیز میں اور مختلف فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور نقد میں سرماکاری کے ذریعے سرمائے میں مناسب فروغ اور مستحکم آمدنی کا حصول ہے۔ |
| **ای ایف یو ایگریسو فنڈ** | **ای ایف یو انکم گروتھ فنڈ** |
| فنڈ کی قسم: ایگریسو | فنڈ کی قسم: انکم فنڈ |
| رسک پروفائل: زیادہ | رسک پروفائل: کم |
| زیادہ آمدنی فراہم کرنے والے مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے مقصد سے وضع کیا جانے والی ایک سرمایہ کاری فنڈ۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔ | ایک سرمایہ کاری فنڈ جس کا مقصد سیکیوریٹیز میں سرمایہ کاری کر کے مستحکم بڑھوتری حاصل کرنا ہے۔ اس کا ہدف حکومتی مالیاتے اداروں اور قرضہ دینے والی اعلیٰ معیاری مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کے ذریعے سرمایہ کی مستحکم نشونما ہے |

**متعدّد فنڈز کی سہولت (ملٹپل فنڈز آپشن):** اس سہولت کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ فنڈز کو 10 فیصد کے ملٹپل کے تحت منتخب کیا جا سکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10/90، 20/80، 30/70، 40/60 یا 50/50 میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

***ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## فوائد:

### کنٹینیوشن بینیفٹ:

پلان کی مدت کے دوران بیمہ شدہ والدین کی ناگہانی وفات کی صورت میں پہلے سے موجود وفات کے باوجود جاری رہنے والے فائدہ (کنٹینیوشن بینیفٹ) اس بات کو یقینی بنائے گا کہ پلان کی تکمیل کے وقت مطلوبہ فنڈ حاصل ہو جائے۔ ای ایف یو لائف بقایا بنیادی پریمیئم کی رقم پلان میں جمع کرتا رہے گا تا کہ سرمایہ کاری بلاتعطّل جاری رہے۔ یہ اس بات کی ضمانت ہے کہ والدین کی غیر موجودگی کے باوجود بیٹے یا بیٹی کی شادی کے لئے مطلوبہ رقم موجود ہو۔

### اضافی بونس (اینہانسمنٹ بونس):

16 سال میں، ای ایف یو لائف پلان میں ایک اضافی بونس کا اضافہ کر دے گا جو کہ اوسطاً ادا شدہ بنیادی پلان کے پریمیم کے 15 فیصد کے برابر ہو گا۔

### چائلڈ سپورٹ بونس:

پلان کی مدت کے دوران جمع ہونے والے فنڈ میں اضافے کے لئے پلان کے تحت قابل قدر 'چائلڈ سپورٹ بونس' فراہم کیا جاتا ہے۔ بشرطیکہ صارف یہ پلان بلاتعطّل جاری رکھے۔ یہ بونس اوسط بنیادی پلان کی پریمیئم کی فیصد کے مطابق پالیسی کے گیارہویں، سولھویں اور اکیسویں سال میں ادا کیا جاتا ہے۔ متعین کردہ بونٹس حسبِ ذِیل ہیں۔

| پالیسی سال | مختص کردہ خیر خواہی بونس (٪) |
|---|---|
| 11 | 20فیصد |
| 16 | 30فیصد |
| 21 | 40فیصد |

### میچورٹی بینیفٹ:

پلان کی تکمیل پر جمع شدہ فنڈ کی نقد قدر یکمشت فراہم کی جاتی ہے۔ البتہ شادی کے لئے فوری ضرورت نہ ہونے کی صورت میں یہ رقم ای ایف یو کے پاس زیادہ سے زیادہ ایک سال کے لئے جمع کروائی جا سکتی ہے۔ ایک سالہ مدت مکمل ہونے پر، ای ایف یو لائف یہ جمع شدہ رقم اور "میچورٹی انویسٹمنٹ بونس" ادا کرے گی جو سالانہ اوسط پریمیم کا 20% ہوگا

### ضمنی فوائد:

انفرادی صارفین اپنی مرضی سے ضرورت کے مطابق پلان استعمال کر سکتے ہیں اور اس پلان کے ساتھ کئی اضافی فوائد بھی شامل کر سکتے ہیں۔

**ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ*:** بیمہ دار کی حادثاتی وفات کی صورت میں یہ ضمنی فائدہ (رائڈر) ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبیلٹی بینیفٹ پلس:*** حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں (جزوی یا مستقل) جو آپ کو مستقل طور پر معذور کر دے، یہ اختیاری بینیفٹ ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔

**ایڈیشنل ٹرم اشورنس:** بیمہ دار کی وفات کی صورت میں یہ رائڈر بنیادی پلان کے زرِ بیمہ کا 50 فیصد سے 200 فیصد تک ایک اضافی رقم مہیا کر کے بیمہ زندگی کے تحفظ کے درجے کو بڑھاتا ہے۔

**انکم بینیفٹ:** بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کی وفات کی صورت میں یہ فائدہ اس کے اہل خانہ کو ایک بہترین معیار زندگی برقرار رکھنے کے لئے سہ ماہی آمدنی کی ادائیگی فراہم کرتا ہے۔

**ویور آف پریمیئم:** اگر بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) کسی بیماری یا حادثے کے باعث کوئی پیشہ اختیار کرنے سے قاصر ہو تو پریمیئم کی رقم ای ایف یو لائف ادا کرے گا۔

*کسی ایک حادثاتی رائڈر کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔

### یونٹ ایلوکیشن:

یونٹس میں سرمایہ کاری کے لئے پریمیئم کا تناسب پالیسی سال کے حساب سے مختلف ہوتا ہے اور ذیل میں درج ہے:

| پالیسی سال | ایلوکیشن | ایلوکیشن کی چارجز * |
|---|---|---|
| 1 | 57.5 فیصد | 42.5 فیصد |
| 2 | 80 فیصد | 20 فیصد |
| 3 | 90 فیصد | 10 فیصد |
| 4 اور اس سے زائد | 100 فیصد + اطلاق بونس | 0 فیصد |

اضافی اختیاری پریمیئم کا 100 فیصد منتخب شدہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جاتا ہے۔

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کئے گئے پریمیئم میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی

## اضافی اختیاری پریمیم (فنڈ ایکسلریشن پریمیئم):

ایک باقاعدہ پریمیئم پلان ہے تاہم اس میں یہ سہولت بھی کہ آپ اس میں اضافی رقم اکٹھی جمع کرواسکتے ہیں۔ اس طرح اکٹھی رقم جمع کرانے کو اضافی اختیاری پریمیم کہتے ہیں۔ اس کی ادائیگی پالیسی مدت کے دوران کسی بھی وقت پلان کی نقد مالیت (کیش ویلیو) میں اضافے کا باعث بنتی ہے۔ انفرادی سرمایہ کاری۔ اضافی رقم بذریعہ اضافی اختیاری پریمیم پلان میں جمع کرواکر منتخب فنڈ سے حاصل ہونے والے منافع سے اٹھاسکتے ہیں۔ باقاعدہ بچت اور موقع بہ موقع اکٹھی رقم جمع کروانے کی سہولت آپکو معاشی آزادی فراہم کرتی ہے تاکہ آپ جس طرح چاہیں بچت کریں۔ اضافی اختیاری پریمیم کی کم از کم ادائیگی 24,000 روپے ہے۔

## بچت تک ہر وقت رسائی

یہ پلان آپکو جمع شدہ فنڈ تک مکمل رسائی فراہم کرتا ہے۔ تک باقاعدہ ادائیگی کے بعد آپ چاہیں تو اپنی رقم مکمل یا جزوی طور پر نکلواسکتے ہیں۔

## مکمل دستبرداری:

آپ اگر چاہیں تو اپنے فنڈ کے تمام یونٹس کی نقد مالیت (کیش بیلیو) نکلواسکتے ہیں۔ اس صورت میں آپکو یونٹس کی رقم اس وقت کی قیمت کے مطابق ادا کی جائے گی اور آپکا پلان منسوخ ہو جائے گا۔

## جزوی دستبرداری:

آپ چاہیں تو یونٹس کی محدود تعداد کی نقد مالیت (کیش ویلیو) نکلوا کر فنڈ کی مالیت (فنڈ ویلیو) سے جزوی طور پر دستبردار ہوسکتے ہیں۔ اس جزوی دستبرداری کی صورت میں آپکو کم از کم 20,000 روپے تک کی رقم فنڈ میں چھوڑنی ہوگی۔ جزوی دستبرداری کا اثر آپکی جمع شدہ رقم پر بھی پڑے گا۔

## افراطِ زر (انڈیکسیشن):

اس انتخاب کے تحت بغیر کسی میڈیکل ثبوت کے، ہر سال پریمیم پچھلے سال کے اصل بنیادی پلان کے پریمیم کا 5 فیصد اطلاق کردہ فوائد میں مناسب اضافے کے ساتھ 55 سال کی عمر تک بڑھ جائے گا

**دعوٰی (کلیم):** کسی بھی ناگہانی کی صورت میں، آپ اپنے دعوے (کلیم) کی اطلاع جے ایس بینک لمیٹڈ کی کسی بھی شاخ میں

جا کر، ای ایف یو ہیڈ آفس آ کر یا ملک میں ای ایف یو کی کسی بھی شاخ میں جا کر دے سکتے ہیں۔ فوری عمل درآمد کے لئے آپ ہمارے کال سینٹر 111-338-111-021 پر رابطہ کر سکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر موجود اطلاع فارم بھریئے اور ہمیں cod@efulife.com پر ای میل کر دیجئے یا آپ جے ایس بینک کے کال سینٹر 321 654-111-021 اور CCU.Helpdesk@jsbl.com پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ بعدازاں، اگلے مراحل سے آگاہ کرنے کیلئے آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔

## (اخراجات) چارجز کیا ہیں؟

| چارجز | ریٹ / پاکستان روپے میں |
|---|---|
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 90 روپے ماہانہ |
| بڈ/ آفر (بولی/ پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ پریمیئم کا 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسمنٹ مینجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| مورٹیلیٹی چارج (بیمہ کی مالیت) | ہر سال عمر پر مشتمل بیمہ حیات کے خطرے کے امکان کو مدنظر رکھتے ہوئے، مورٹیلیٹی چارج لاگو ہوتا ہے جو سم ایٹ رسک کے تحت حاصل کیا جاتا ہے۔ البتہ جب کیش ویلیو سم کور سے بڑھ جائے تو مورٹیلیٹی کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی |
| فنڈ تبدیل کرنے کی فیس | 500 روپے |
| دستبرداری عمل درآمد فیس | 500 روپے |
| دستبرداری اخراجات | 100 فیصد پہلے سال کے لئے |
| تخصیص کی فیس | اوپر دی گئی یونٹ کی تخصیص کی ٹیبل |

## انتباہ:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ نے انڈر رائٹ کیا ہے۔ یہ پروڈکٹ جے ایس بینک لمیٹڈ یا اسکی ذیلی کمپنی کی نہیں اور نہ جے ایس بینک لمیٹڈ اس کا ضامن ہے۔
- آپ کے سرمائے میں اضافے کا انحصار فنڈز کی کارکردگی پر ہوتا ہے۔
- فنڈ میں ہونے والی تمام سرمایہ کاری مارکیٹ رسک سے مشروط ہے۔ فنڈ کی آئندہ کی کارکردگی کا لازمی دارومدار پچھلی کارکردگی پر نہیں ہوتا۔ کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ یا جے ایس بینک لمیٹیڈ اس قسم کی کسی چیز کے ذمہ دار نہیں ہونگے۔ منتخب کردہ فنڈ میں سرمایہ کاری کا رسک بہر حال بیمہ دار (پالیسی ہولڈر) پر لاگو ہوگا۔

- فوائد کی انفرادی وضاحت ہمارے کنسلٹنٹ کی طرف سے آپ کے لئے فراہم کی جائے گی از راہِ کرم مختلف شرائط وضوابط کی تفصیلی وضاحت حاصل کرنے کے لئے پالیسی دستاویزات کا مطالعہ کریں، آپ کی جانب سے پلان کی شرائط وضوابط کی مکمل تفہیم مطلوب ہے۔
- پلان پر وہ ٹیکسز لاگو ہونگے جو ٹیکس قوانین کے مطابق ہوں
- معاہدے کے طریقے کار کی وضاحت شرائط وضوابط میں کی گئی ہے۔ یہ کتابچہ پروڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا صرف عموعی خلاصہ پیش کرتا ہے
- جے ایس بینک محض اپنے گرانقدر صارفین کے لئے اس پروڈکٹ کی تشہیر اور تقسیم کر رہا ہے۔

## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ

ای ایف یو ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th اسٹریٹ، فیز ون، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔
فیکس: 3453-7519 (021) ای میل: csd@efulife.com